57th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 343 | صفحات : 08 | ۱۴ دسمبر ۲۰۲۵ بروز اتوار بمطابق ۲۲ جمادی الثانی ۱۴۴۷ | Sunday 14th December 2025 | جلد نمبر 57



## عثمان خواجہ نے خود کو فٹ قرار دیا

آسٹریلیا کے تجربہ کار اوپننگ بلے باز عثمان خواجہ نے ایشز سیریز کے تیسرے ٹیسٹ سے قبل خود کو مکمل طور پر فٹ قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ آسٹریلیا کے لیے کھیلنے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔ تاہم انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ آیا وہ پلیئنگ الیون میں منتخب ہوں گے یا نہیں یہ ان کے ہاتھ میں نہیں ہے۔ (تفصیلات اندر)



## کونراڈ نے بُمراہ کی تعریف کی

جنوبی افریقہ کے ہیڈ کوچ شکری کونراڈ نے ہندوستان کے تیز گیندباز جسپریت بُمراہ کی جم کر تعریف کرتے ہوئے انہیں عالمی معیار کا گیندباز قرار دیا جو کسی بھی صورتحال میں میچ کا رخ بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ کونراڈ نے کہا کہ بُمراہ کا معیار اور تسلسل انہیں عالمی کرکٹ کے سب سے خطرناک تیزگیندبازوں میں شامل کرتا ہے۔ (تفصیلات اندر)

# لوک سبھا میں دہشت گردی متاثرین میں ملازمت کے آرڈرس تقسیم

## انصاف کیلئے ان خاندانوں کا طویل انتظار ختم ہوا، لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے تاثرات

سرینگر 13 دسمبر 2025ء لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے ہفتے کے روز لوک بھون سرینگر میں کشمیر ڈویژن کے دہشت گردی متاثرین کے 39 قریبی رشتہ داروں (NoKs) کو تقرری کے خطوط حوالے کئے ۔ لفٹیننٹ گورنر نے دہشت گردی سے متاثرہ خاندانوں کو انصاف، نوکریاں اور عزت دلانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ ان خاندانوں کے افراد جن کے پیاروں کو دہشت گردوں نے بے رحمی سے قتل کر دیا تھا، نے خوفناک واقعات اور کئی دہائیوں تک خاموشی میں گذرے صدمات کی داستان سنائی۔ لفٹیننٹ گورنر نے کہا ''ان خاندانوں کیلئے آج انصاف کی طویل انتظار کی گھڑی ختم ہوگئی ہے۔ بحالی کے ٹھوس اقدامات کے ذریعے ہم نے ان کی عزت اور نظام پر اعتماد بحال کیا ہے۔'' لفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ دہشت گردی نے نہ صرف جانیں لیں بلکہ خاندانوں کو تباہ و برباد کر دیا اور معصوم بچوں جو والدین کے بغیر بڑے ہوئے کے گھرانوں کو دہائیوں کی خاموشی، بدنامی اور غربت کا شکار بنا دیا۔ ہر دہشت گردانہ قتل کے پیچھے ایک گھر کی ایسی داستان چھپی ہے جو کبھی سنبھل نہ سکا۔ ''اننت ناگ کی پاکیزہ ریاض، جن کے والد ریاض احمد میر کو 1999 میں شہید کر دیا گیا اور حیدرپورہ سرینگر کی شائستہ، جن کے والد عبدالرشید گنائی کو 2000 میں قتل کر دیا گیا، دونوں کو سرکاری نوکری کے تقرری کے خطوط مل گئے ہیں جس سے ان کی انصاف اور معاوشی استحکام کی طویل جستجو/1




## اراضی فروخت فراڈ میں

## 4 ملزموں کے خلاف چارج شیٹ داخل

سرینگر/ یواین آئی/ کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم ونگ نے ایک بڑے اراضی فروخت فراڈ معاملے میں چار ملزموں کے خلاف چارج شیٹ دائر کی ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ کرائم برانچ نے ایف آئی آر نمبر 23/2025 کے تحت ایک بڑے اراضی فروخت فراڈ معاملے میں چار ملزموں کے خلاف چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سری نگر کی عدالت میں ایک چارج شیٹ دائر کی ہے۔ ملزموں کی شناخت طارق احمد حجام ولد محمد رمضان حجام، 4/




# گلمرگ میں ایشیا کی سب سے لمبی سکی ڈریگ لفٹ کا افتتاح

## عالمی معیار کا انفراسٹرکچر جموں و کشمیر میں سرمائی ٹورازم کو بڑھاوا دے گا/ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ

گلمرگ/ وزیراعلیٰ مسٹر عمر عبداللہ نے گلمرگ اور اس کے ملحقہ علاقوں میں 17 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی متعدد اہم ٹورازم انفراسٹرکچر پراجیکٹس عوام کیلئے وقف کیں جو جموں و کشمیر کو عالمی سطح کے ایک اعلیٰ سرمائی ٹورازم مقام کے طور پر مضبوط کرنے میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ وزیراعلیٰ نے کنگڈوری میں ایشیا کی سب سے لمبی سکی ڈریگ لفٹ کا افتتاح کیا، جو 726 میٹر لمبی ہے اور اس کی لاگت 3.65 کروڑ روپے ہے۔ انہوں نے کنگڈوری میں ایک پانی کے ذخیرے کے تحفظ کے کاموں کا بھی افتتاح کیا جو 0.90 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہوئی۔ وزیراعلیٰ نے افروت میں گھومنے والا کانفرنس ہال کا افتتاح کیا جو جے کے سی سی کی جانب سے 0.86 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا جو گلمرگ کے بلند علاقائی ٹورازم انفراسٹرکچر میں ایک منفرد اضافہ ہے۔ وزیراعلیٰ نے گلمرگ گالف کورس کی باڑ لگانے کے پراجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھا جو 4.77 کروڑ روپے کا ہے جس کا مقصد علاقے کے ایک مشہور ٹورازم اثاثے کی حفاظت اور بہتری ہے۔ آن لائن افتتاح اور سنگِ بنیاد کی تقاریب کے ذریعے انہوں نے کئی اہم پراجیکٹس بھی وقف کئے جن میں 0.82 کروڑ روپے کی لاگت والی گلمرگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے دفتر کی عمارت، 0.64 کروڑ روپے کی لاگت والی ہٹ نمبر 2 کی تعمیر، 2.62 کروڑ روپے کی لاگت سے عالمبال روڈ سائیڈ کے ساتھ دیوری پاتھ کی تعمیر اور ایک مخصوص کار پارکنگ سہولت کی ترقی جس کی تخمینہ لاگت 2.78 کروڑ روپے ہے۔ اس کے علاوہ وزیراعلیٰ نے گلمرگ میں انٹی گریٹڈ سکیئنگ ٹریننگ اینڈ ایڈونچر ٹورازم سینٹر کا افتتاح کیا اور پیشہ وارانہ ونٹر اسپورٹس ٹریننگ سہولیات کو مضبوط بنانے کیلئے انٹی گریٹڈ سکی ٹریننگ کورسز کا آغاز کیا۔ یہ منصوبے گلمرگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی اور جموں و کشمیر کیبل کار کارپوریشن (جے کے سی سی) کے ذریعے عمل میں لائے گئے ہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ گلمرگ جموں و کشمیر کے سیاحت کے منظرنامے کا تاج محل رہا ہے اور اس کی مکمل صلاحیت کو کھولنے کیلئے جدید، اعلیٰ معیار کی انفراسٹرکچر میں مسلسل سرمایہ کاری ضروری ہے۔ انہوں نے کہا'' 5/




2001 میں پارلیمنٹ ہاؤس پر ہوئے دہشت گردانہ حملے کی برسی کے موقع پر

## جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو صدمہ جمہوریہ اور وزیراعظم کا خراج عقیدت



نئی دہلی/ یواین آئی/ ملک نے ہفتہ کے روز 2001 میں پارلیمنٹ ہاؤس پر ہوئے دہشت گردانہ حملے کی برسی کے موقع پر نہایت وقار اور سنجیدگی کے ساتھ اُن بہادر جوانوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جنہوں نے ملک کی جمہوریت کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ نائب صدرِ جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین سی پی رادھا کرشنن، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور وزیراعظم نریندر مودی نے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش/2

اپرگرونڈ ورکرس کے خلاف پولیس کارروائی

## سرینگر میں 150 افراد گرفتار

کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق ایک اعلیٰ اہلکار نے نیوز ایجنسی بتایا کہ سری نگر میں اب تک 150 سے زائد مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا ہے جبکہ وادی کے کئی حصوں میں OGWs کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم جیش محمد اور دیگر دہشت گرد تنظیموں کے دہشت گرد نیٹ ورک کو پوری وادی میں ختم کرنے کے لیے او جی ڈبلیوز کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ او جی ڈبلیو نیٹ ورک کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کے ایک حصے کے طور پر وادی کشمیر کے کئی حصوں میں کئی مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ یہ کارروائی لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے/3



